روزنامہ

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 C.P.L 29-FD

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

بدھ 27 جون 2007ء 11 جمادی الثانی 1428 ہجری 27 احسان 1386 ھش جلد 57-92 نمبر 143

اللہ نرمی کو پسند کرتا ہے

حضرت عائشہؓ بیان فرماتی ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا:۔

ان اللہ رفیق یحب الرفق

اللہ تعالیٰ نرمی کرنے والا ہے اور نرمی کو پسند کرتا ہے۔

(صحیح مسلم کتاب البر والصلہ باب فضل الرفق حدیث نمبر:4697)

بیت الفتوح میں جماعت احمدیہ UK کے زیر انتظام امن کانفرنس میں حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کا روح پرور خطاب

جماعت احمدیہ کا بنیادی اصول ہی محبت اور امن ہے اور اسی کی وہ تعلیم دیتی ہے

اگر انسان اپنے ذاتی فوائد اور ذاتی حقوق حاصل کرنے اور دوسرے کے حقوق چھیننے میں کوشاں رہے گا تو وہ امن کو کبھی بھی قائم نہیں کر سکے گا۔

دنیا میں امن قائم ہوسکتا ہے مگر اُسی وقت جب کہ لوگ خدا سے ڈریں اور اس سے محبت کریں

امن کانفرنس میں ممبران ہاؤس آف لارڈز، ممبران پارلیمنٹ، میئرز، کونسلرز، چرچ ممبران اور چیدہ افسران کی شمولیت

24 / مارچ 2007ء کو بیت الفتوح لندن میں ایک امن کانفرنس (Peace Conference) کا انعقاد ہوا جس میں قریباً پانچ سو افراد نے شرکت کی جن میں سے قریباً تین صد غیر از جماعت مہمان تھے۔

اجلاس کا آغاز تلاوت قرآن مجید سے ہوا جس کے بعد مکرم رفیق احمد حیات صاحب امیر جماعت UK نے مہمانوں کو خوش آمدید کہا اور جماعت احمدیہ کا تعارف کرواتے ہوئے انسانیت کی فلاح و بہبود کے لئے جماعت جو کام کر رہی ہے اس کا اختصار کے ساتھ ذکر کیا۔ اس کے بعد مسٹر بروس کینٹ (Mr. Bruce Kent) نے خطاب کیا اور ایٹمی ہتھیاروں کے بارے میں اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے انہیں انسانیت کا دشمن قرار دیا۔ اس کے بعد پٹنی ایریا کی ایم پی جسٹین گریننگ (Justine Greening) اور مورڈن کی ایم پی سوبیان میک ڈونا (Siobhain McDonagh) نے خطاب کیا اور دونوں نے معاشرتی امن کے قیام کے سلسلہ میں جماعت احمدیہ کی خدمات کی تعریف کی۔

اس تقریب میں جناب لارڈ ایوبری (Lord Avebury) نے تمام حاضرین سے حضور انور کا تعارف کرواتے ہوئے اپنے خطاب میں جماعت احمدیہ کی خدمات کا بہت ہی اچھے انداز میں ذکر کیا اور جماعت کے ساتھ اپنے پرانے تعلقات کا بھی ذکر کیا۔ انہوں نے کہا کہ اس قسم کی امن کانفرنس کا انعقاد جماعت احمدیہ کا ہی خاصہ ہے اور اس قسم کے پروگرام قومی اور بین الاقوامی امن کو فروغ دیتے ہیں۔ انہوں نے پاکستان اور دوسری جگہوں پر احمدیوں کے خلاف ہونے والے مظالم کا بھی مختصراً ذکر کیا۔

حضور اقدس کا خطاب

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے حاضرین سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا کہ پیشتر اس کے کہ مَیں اپنے موضوع کی طرف آؤں۔ مَیں لارڈ ایوبری (Lord Avebury) کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں۔ شاید کسی کو خیال آئے کہ ایک ایسا شخص جو کہ جماعت احمدیہ کا رکن نہیں ہے وہ جماعت کے سربراہ کو کیسے متعارف کروا رہا ہے؟ مگر حقیقت یہ ہے کہ میں انہیں اپنوں ہی میں سے سمجھتا ہوں۔ حضور نے فرمایا کہ دنیا سے امن دُور ہو رہا ہے اور خدا تعالیٰ کی ذات پر سے ایمان اُٹھ رہا ہے۔ تہذیب دوبارہ جہالت کی طرف لوٹ رہی ہے۔ اُسے جانوروں کا تو بہت درد ہے، اُن کے لئے تو علاج ڈھونڈا جا رہا ہے مگر خود اپنی حالت یہ ہے کہ انسان بھوکا مر رہا ہے اور حکومتیں ایک دوسرے کو تباہ کر کے سیاسی اور اقتصادی مقاصد حاصل کر رہی ہیں اور اُن کی امن کی مزعومہ جنگ میں غریب پس رہا ہے۔ ان کے غیظ و غضب میں معصوم جانیں گولیوں کا نشانہ بن رہی ہیں۔

حضور انور نے فرمایا کہ آج کل بعض لوگ اس بات کے لئے مذہب کو قصوروار ٹھہراتے ہیں کہ مذہب نے دنیا میں تفرقہ ڈالا ہے۔ حضور نے فرمایا کہ یہ خدا اور مذہب کے ساتھ عجیب اور بھونڈا مذاق ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ تاریخ میں آج تک کسی پیغمبر نے خدا کے نام پر قتل و غارت گری نہیں کی۔ حضور انور نے فرمایا کہ خدا تعالیٰ نے انسان کو افضل المخلوقات بنایا اور سوجھ بوجھ عطا کی اور علم کو وسیع کرنے کی نصیحت کی، اخلاق بلند کرنے کی طاقت کی اور سب سے بڑھ کر یہ کہ اسے اپنے پیدا کرنے والے کے سامنے سربسجود ہونے اور اس سے راہنمائی حاصل کرنے کی توفیق دی۔ وہ مالک ہے، وہ پاک ہے، وہ امن بخشتا ہے۔ وہ طاقتور ہے، وہ عظیم ہے، پھر یہ کیسے ممکن ہے کہ اس کی طرف منسوب ہونے والے اس کے نام پر امن برباد کریں۔ اللہ تعالیٰ امن کو برباد کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔ جماعت احمدیہ کا بنیادی اصول ہی محبت اور امن ہے اور اسی کی وہ تعلیم دیتی ہے۔

حضور انور نے مزید فرمایا کہ دنیا میں انصاف کی بنیاد رکھی جا سکتی ہے مگر اُسی وقت جبکہ کمزور سے کمزور انسان کو بھی یہ احساس ہو کہ اُس نے خدا تعالیٰ کی رضا حاصل کرنی ہے اور اُس کے احکامات پر چلنا ہے اور پھر ایسے افراد مجموعی رنگ میں یہ کوشش کریں کہ انہوں نے تمام کرۂ ارض میں امن قائم کرنا ہے۔ لیکن اگر انسان اپنے ذاتی فوائد اور ذاتی حقوق حاصل کرنے اور دوسرے کے حقوق چھیننے میں کوشاں رہے گا تو وہ امن کو کبھی بھی قائم نہیں کر سکے گا۔ اس لئے ضروری ہے کہ خدا کو پہچانیں اور اس کی رضا حاصل کریں اور اس کے احکامات پر عمل پیرا ہوں اور پھر تمام افراد مل کر عدل اور امن پیدا کریں۔ ان اصولوں پر عمل نہ کر کے ہی لیگ آف نیشنز ختم ہوئی اور یو این او بھی اسی سمت رواں ہے اور اس کی دیواریں بھی ہلتی نظر آ رہی ہیں۔

حضور انور نے فرمایا کہ اس وقت تک امن ایک خواب رہے گا جب تک ہر ملک اپنے حقوق کو دوسرے کے حقوق پر ترجیح دیتا رہے گا۔ یہ خواب صرف اس صورت میں پورا ہو سکتا ہے کہ انسان اپنے پیدا کرنے والے کو پہچانے مگر تمام حقائق کو جاننے کے باوجود انسان نے آنکھ بند کر رکھی ہے۔ آنکھ بند کرنے سے مسائل حل نہیں ہوتے۔ اس لئے میری آپ سے التجا ہے کہ اپنے نفس کو ٹٹولیں اور خدا تعالیٰ کی صفات کو دیکھیں۔ ہم اپنی آئندہ نسلوں کو اپنی غلطیوں کے نتیجے میں مفلوج اور معذور نہ بنائیں۔ ضروری ہے کہ ہم آج امن قائم کریں اور آنے والی نسل کو معذور زندگی سے نجات دلوائیں۔ ہم انہیں اندھیرے اور گہرے کھڈ میں گرنے سے بچائیں۔ یہ خودغرضی کی انتہا ہو گی کہ جھوٹی عزت کی خاطر یا عارضی نفع کے لئے ہم اپنی نئی پود کا مستقبل تباہ کر دیں۔ حضور انور نے فرمایا کہ یہ میری عاجزانہ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں اس حقیقت کو سمجھنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کے اس خطاب کو تمام مہمانوں نے بہت پسند کیا اور لارڈ ایوبری نے بعد میں حضور کے خطاب کے بارے میں یہ بھی کہا کہ یہ خطاب اتنا اہم ہے کہ اسے تو اقوام متحدہ میں پڑھا جانا چاہئے۔

حضور انور کے خطاب کے بعد تمام حاضرین کی خدمت میں کھانا پیش کیا گیا۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے یہ امن کانفرنس بہت کامیاب رہی۔ اللہ تعالیٰ اس کے نیک ثمرات عطا فرمائے۔

(رپورٹ: بشیر احمد اختر، جنرل سیکرٹری جماعت احمدیہ برطانیہ)

(الفضل انٹرنیشنل 18 مئی 2007ء)

غزل

ہجومِ رنگ سے گھبرا گئی ہے
صبا گلشن سے باہر آ گئی ہے

بھنور سے پڑ گئے خاموشیوں میں
صداؤں سے صدا ٹکرا گئی ہے

غمِ دوراں کے دھندلے غمکدوں میں
تری تصویر بھی دھندلا گئی ہے

ستاروں کے کنارے گھس گئے ہیں
اجالوں کی نظر پتھرا گئی ہے

گوالے رک گئے ہیں راستوں میں
یہ کس سے روٹھ کر رادھا گئی ہے

غریبِ شہر نے کس کو پکارا
بڑی گہری خموشی چھا گئی ہے

تمنّا کی پری سپنے میں مضطرؔ!
سہاروں کی جبیں سہلا گئی ہے

چوہدری محمد علی

داخلہ ٹیسٹ مریم گرلز ہائی سکول

۞ مریم گرلز ہائی سکول ربوہ میں اول ادنیٰ میں داخلہ جات کیلئے داخلہ ٹیسٹ 19۔اگست 2007ء کو صبح 9 بجے ہوگا اور جماعت ششم میں داخلہ کیلئے داخلہ ٹیسٹ 20۔اگست 2007ء کو صبح 9 بجے ہوگا۔ باقی کلاسز میں گنجائش نہ ہے۔ داخلہ فارم و پراسپکٹس نیز مزید معلومات کیلئے سکول سے رابطہ کریں۔

(ہیڈ مسٹریس مریم گرلز ہائی سکول ربوہ)

دورہ نمائندہ مینیجر الفضل

۞ مکرم نعیم احمد صاحب اٹھوال نمائندہ مینیجر الفضل برائے توسیع اشاعت، چندہ جات و بقایا جات کی وصولی اور الفضل میں اشتہارات کی ترغیب کے سلسلہ میں ضلع نارووال کے دورہ پر ہیں۔ تمام احباب جماعت سے تعاون کی بھرپور درخواست ہے۔

(مینیجر روزنامہ الفضل)

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

ویں فضل عمر کلاس

(یکم تا 15 جولائی 2007ء)

۞ نظارت تعلیم القرآن کے زیر اہتمام 27ویں فضل عمر درس القرآن کلاس یکم تا 15 جولائی 2007ء کو ربوہ میں منعقد کی جارہی ہے۔ تمام امرائے اضلاع اور سیکرٹریان تعلیم القرآن سے درخواست ہے کہ اپنے ضلع کی مختلف جماعتوں سے ٹارگٹ کے مطابق مستعد اور صحت مند افراد کو مقرر کردہ تاریخوں میں مرکز سلسلہ میں بھجوائیں اور درج ذیل ضروری امور کا بھی خیال رکھیں۔

☆ اس کلاس کیلئے جو احباب و خواتین تشریف لائیں ان سے درخواست ہے کہ کلاس کیلئے مکمل تیاری کے ساتھ آئیں اور ضرور سامان مثلاً قرآن کریم، نوٹ بک، پنسل وغیرہ ضرور ہمراہ لائیں تا کہ دوران کلاس تنگی نہ ہو۔

☆ طلباء کیلئے ضروری ہے کہ وہ اپنے ہمراہ امیر ضلع/مقامی امیر یا صدر کی تصدیقی چٹھی لازماً لائیں۔ بصورت دیگر ان طلباء کو کلاس میں شامل ہونے کی اجازت نہ ہوگی۔ (مقامی صدران طلباء کے اسماء کی لسٹ امیر صاحب ضلع کو بھی مہیا کریں)

☆ تمام طلباء و طالبات کلاس شروع ہونے سے ایک دن قبل لازماً تشریف لے آئیں۔ یکم جولائی کے بعد رجسٹریشن نہ ہوگی۔ جو طلباء لیٹ تشریف لائیں گے انہیں کلاس میں شامل نہیں کیا جائے گا۔

امید ہے کہ آپ اس کار خیر میں تعاون فرما کر عنداللہ ماجور ہوں گے۔

(ایڈیشنل ناظر تعلیم القرآن و وقف عارضی)

سانحہ ارتحال

۞ مکرم ندیم احمد صاحب مربی سلسلہ وہاڑی تحریر کرتے ہیں کہ مکرم امجد افتخار بسراء صاحب سیکرٹری مال وہاڑی شہر اور زرعی بینک وہاڑی کے موبائل کریڈیٹ آفیسر مورخہ 21 جون 2007ء کو ہارٹ اٹیک سے وفات پا گئے۔ مرحوم سلسلہ سے گہری محبت رکھنے والے اور ایک ایماندار آفیسر تھے ان سے ملنے والا ہر ایک ان کی ایمانداری اور خلوص کا معترف ہے۔ نماز جنازہ مورخہ 22 جون 2007ء کو مکرم محمد اقبال عابد صاحب مربی ضلع وہاڑی نے پڑھائی اور بعد از تدفین دعا امیر صاحب ضلع نے کروائی۔ مرحوم نے پسماندگان میں بیوہ تین کم سن بیٹے اور ایک بیٹی یادگار چھوڑی ہیں۔ احباب سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو غریق رحمت کرے اور اعلیٰ علیین میں داخل فرمائے۔

حفاظ متوجہ ہوں

۞ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے امسال ماہ رمضان المبارک کا آغاز ستمبر کے دوسرے عشرہ میں ہو رہا ہے۔ ان بابرکت ایام میں جو حفاظ کرام نظارت اصلاح و ارشاد مرکزیہ کے زیر انتظام نماز تراویح میں قرآن کریم سنانے کے خواہشمند ہوں وہ اپنی درخواستیں معہ، پتہ جات و فون نمبرز وغیرہ 25۔اگست 2007ء تک نظارت ہذا میں بھجوادیں۔ اسی طرح جو جماعتیں نماز تراویح کیلئے حفاظ کرام کا مطالبہ کرنا چاہتی ہیں وہ بھی اپنی درخواستیں مذکورہ تاریخ تک نظارت ہذا میں بھجوادیں۔

(ناظر اصلاح و ارشاد مرکزیہ)

داخلہ نصرت جہاں اکیڈمی اردو میڈیم

(برائے کلاس ششم)

۞ نصرت جہاں اکیڈمی اردو میڈیم سکول میں کلاس ششم میں داخلہ کا شیڈیول درج ذیل ہے۔

فارم جمع کروانے کی آخری تاریخ 15۔اگست 2007ء

داخلہ ٹیسٹ: 20 اور 21۔اگست 2007ء (ریاضی، انگلش اور اردو کا پانچویں کے سلیبس میں سے ہوگا)

انٹرویو-:22۔اگست 2007ء

27۔اگست 2007ء کو کامیاب ہونے والے طلباء کی لسٹ لگادی جائے گی اور 2 ستمبر 2007ء سے کلاسز کا باقاعدہ آغاز ہو جائے گا۔ داخلہ فارم، پراسپکٹس نیز مزید معلومات کیلئے دفتری اوقات میں دفتر سے رابطہ کریں۔ موسم گرما کی تعطیلات میں دفتر کھلا ہوگا۔

(پرنسپل نصرت جہاں اکیڈمی اردو میڈیم سکول ربوہ)

نکاح

۞ مکرم محمد شفیق صاحب علامہ اقبال ٹاؤن لاہور تحریر کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے فضل و احسان کے ساتھ میرے بیٹے مکرم فرخ صادق صاحب کے نکاح کا اعلان ہمراہ مکرمہ عائشہ منور صاحبہ بنت مکرم منور احمد چوہدری صاحب مقیم مانٹریال کینیڈا کے ساتھ مکرم ناصر احمد صاحب مربی سلسلہ نے مورخہ 15 جون 2007ء کو بعد از نماز جمعہ بیت التوحید آصف بلاک علامہ اقبال ٹاؤن لاہور میں مبلغ پانچ ہزار ڈالر (کینیڈین) حق مہر پر کیا اور دعا کروائی مکرم فرخ صادق صاحب مکرم محمد اسحٰق صاحب کے پوتے اور مکرمہ عائشہ منور صاحبہ مکرم چوہدری اکبر علی صاحب کی پوتی ہیں احباب جماعت سے اس رشتہ کے ہر جہت سے مبارک اور مثمر بثمرات حسنہ ہونے کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دار النصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کی مجلس عرفان

شادی بیاہ کے مختلف مسائل اور معاشرتی رسوم

سوال:۔ کیا بیاہ شادی اور مہندی کی رسم آنحضرتؐ تک جاتی ہے جیسے آجکل لوگ مناتے ہیں اس کی اہمیت کیا ہے؟

جواب۔ آنحضرتؐ کے زمانے میں شادیاں اس طرح نہیں ہوتی تھیں جس طرح آجکل ہوتی ہیں۔ شادی چونکہ خوشی کا موقعہ ہے اس لئے مختلف ملکوں میں مختلف طرز سے منائی جاتی ہے پاکستان اور انڈیا میں امراء اور غرباء کیلئے یہ سجنے سجانے کا موقعہ بن گیا ہے لگتا ہے کہ کسی عقل مند نے اسے رواج دیا ہے کیونکہ مہندی کے رنگ سے ہاتھ سج جاتے ہیں اور اس کا کوئی ردعمل نہیں۔ آہستہ آہستہ لوگوں نے مبالغہ آمیزی اور اسراف سے کام لینا شروع کیا تو حضرت مصلح موعود نے اصلاحی کوششیں کیں اور اسراف اور بدرسوم سے روکا ہے۔

(الفضل انٹرنیشنل 11دسمبر 1998ء)

سوال: مغربی افریقہ میں مائیں اپنی بیٹیوں کی شادی کے سلسلے میں سختی کے ساتھ اپنی مرضی ٹھونستی ہیں اور حدیث ''جنت ماں کے قدموں کے نیچے ہے'' کا سہارا لیتی ہیں۔

جواب:۔ اس حدیث کا تو یہ مطلب ہے کہ ماؤں سے نرمی اور محبت سے پیش آؤ اور ان کی خدمت کرو یہ نہیں کہ خدا کی تعلیم پر عمل نہ کرو۔

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے ایک بت پرست ماں اور توحید پرست بیٹے کی مثال دے کر سمجھایا کہ شادی بیاہ کے معاملے میں اور بہو کے ساتھ سلوک میں ماں کی ناجائز دخل اندازی روا نہیں۔

(الفضل انٹرنیشنل 27فروری 1998ء)

سوال:۔ افریقہ میں عام طور پر ایسا ہوتا ہے کہ شادی کے بعد جب خاوند کو پتہ چلتا ہے کہ بیوی مرگی کی مریضہ ہے تو اسے طلاق دے دیتا ہے کیا یہ طریق ٹھیک ہے؟

جواب:۔ آپ پتہ نہیں کون سے افریقہ کی بات کر رہے ہیں کیونکہ مجھے ایسی کوئی مثال نظر نہیں آئی سائل نے اس پر کیمرون کا نام لیا۔ حضور انور نے فرمایا کہ شادی سے پہلے ان تمام باتوں کو قول سدید کے مطابق طے ہونا چاہئے لیکن اگر پہلے جان بوجھ کر چھپایا گیا ہے اور دھوکہ دہی سے کام لیا گیا ہے تو خاوند طلاق دینے میں حق بجانب ہوگا۔

(الفضل انٹرنیشنل 27نومبر 1998ء)

سوال:۔ نابالغ بچیوں کے نکاح کے متعلق شریعت کیا کہتی ہے؟

جواب:۔ حضور نے سورۃ نساء کی آیت نمبر 128 کی تشریح میں نابالغ بچیوں کے نکاح کے متعلق فرمایا کہ ان کو بلوغت کے بعد اختیار ہوتا ہے کہ وہ اگر چاہیں تو ولی سے اختلاف کرسکتی ہیں لیکن اگر نکاح والد نے کیا ہو تو وہ بحال رہے گا۔ فقہ احمدیہ کے موقف کی تائید میں احادیث ملتی ہیں حضور نے نصوص صحیحہ کو پیش نظر رکھتے ہوئے آنحضرتؐ کے ارشادات سنائے جو واجب التعمیل ہیں حضرت مصلح موعود نے فرمایا۔ لڑکیوں کی شادی اس عمر میں جائز ہے جب وہ اپنے نفع اور نقصان کو سمجھ سکیں۔ اگر رضامندی نہیں تو دھوکہ ہے لیکن ہمارے مذہب میں اشد ضرورت کے وقت چھوٹی عمر کی شادی ہوسکتی ہے جیسے حضرت عائشہ کا نکاح چھوٹی عمر میں ہوا لیکن اس میں آپ کی رضامندی اور تائید شامل تھی حضور نے اس سلسلے میں چند احادیث سنائیں اور فرمایا یہ اس مضمون پر حرف آخر ہیں۔

(الفضل انٹرنیشنل 29جنوری 1999ء)

سوال: کیا عورت نکاح پڑھا سکتی ہے؟

جواب: حضور نے اس کا جواب دیتے ہوئے فرمایا کہ جہاں تک سنت نبوی کا تعلق ہے مجھے ایک بھی واقعہ یاد نہیں کہ آنحضرت ﷺ کے زمانہ میں کسی عورت نے نکاح پڑھایا ہو۔

(الفضل انٹرنیشنل 11جون 1999ء)

سوال: افریقہ میں بہت سے لوگ بغیر شادی کے رہتے ہیں اور بچے بھی پیدا ہوتے ہیں اور کئی سال بعد شادی کرتے ہیں۔

جواب:۔ ان کے ماضی پر کوئی اثر نہیں ہوگا کیونکہ وہ اپنے ملک کی روایت پر عمل کر رہے ہیں اگر وہ عوام میں رہتے ہیں اور عوام نے ان کو میاں بیوی کی حیثیت سے قبول کرلیا ہوا ہے تو کسی کو یہ حق نہیں کہ ان کی اولاد کو ناجائز قرار دے ہاں جب دین ان پر ظاہر ہوجائے تو نکاح کرلیں۔ حضور انور نے مزید فرمایا کہ ہر قوم میں شادی کے رواج مختلف ہیں اس لئے اولاد کے سلسلے میں بھی وہی رواج قابل قبول ہونے چاہئیں۔ رواج غیر دینی ہوسکتا ہے لیکن بچہ خدا کی فطرت پر پیدا ہوتا ہے اس لئے بچے پر کوئی برا اثر نہیں پڑے گا کسی بھی ملک میں شادی کے بارے میں ملکی رواج قابل قبول ہیں۔

(الفضل انٹرنیشنل 21۔اگست 1998ء)

سوال: کیا مختلف مذاہب کے لوگوں کو آپس میں شادی کرنی چاہئے۔؟

جواب:۔ جہاں تک ممکن ہو سکے شادی کے معاملے میں Perfection کو تلاش کریں شادی میں مذہبی مطابقت اہم رول ادا کرتی ہے۔ عورت بچوں کو اپنے مذہب اور خاوند اپنے مذہب کی طرف کھینچتا ہے اور اس کھینچا تانی میں بچوں اور گھر کے امن و آشتی پر اثر پڑتا ہے۔

(الفضل انٹرنیشنل 21۔اگست 1998ء)

سوال: جو غیر مذاہب میں شادیاں ہوتی ہیں اس میں کیا ہم جاسکتے ہیں؟

جواب:۔ کیوں نہیں؟ شوق سے جائیں مگر ان کی رسموں میں شامل نہ ہوں۔ ڈانسوں وغیرہ میں ننگے اس طرح پھرنا غلط ہے۔ اپنی حفاظت جس طرح اب آپ نے کی ہوئی ہے بہت اچھی لگ رہی ہیں۔ ماشاء اللہ صحیح طریقے سے برقعہ اوڑھا ہوا ہے اسی طرح آپ شادیوں میں جایا کریں اور اپنی حفاظت کیا کریں، اپنے ساتھ اپنی بہنوں وغیرہ کو لے جایا کریں تاکہ گروپ اکٹھا ہوجایا کرے۔

(الفضل انٹرنیشنل 2جون 2000ء)

سوال:۔ ہمارے ملک میں جب بچہ پیدا ہوتا ہے تو لوکل امام صاحب سبحان اللہ سبحان اللہ کا ورد تسبیح کے دانوں پر کرتے ہیں کیا یہ اچھی پریکٹس ہے؟

جواب:۔ ہم نے آنحضرتؐ کے زمانے میں ایسی پریکٹس نہیں سنی بہترین پریکٹس وہی ہے جو آنحضرتؐ، آپ کے صحابہ، تابعین اور تبع تابعین نے کی اس لئے ان ہی کی اتباع کرنی چاہئے۔

(الفضل انٹرنیشنل 21۔اگست 1998ء)

سوال:۔ شادی بیاہ کے موقع پر لڑکی والوں کی طرف سے جو اخراجات کئے جاتے ہیں شرعی لحاظ سے ان کا جواز کیا ہے؟

جواب:۔ اگر مہمان گھر میں آئے ہوں اور کوئی بھی موقع ہو اپنی استطاعت کے اندر رہتے ہوئے ان کو مناسب کھانا کھلانا شرعی لحاظ سے ناجائز نہیں ہے خصوصاً خوشی کے موقع پر تو بالکل ناجائز نہیں ہے۔ چنانچہ قادیان میں ایک لمبے عرصہ تک یہی رواج چلا آ رہا تھا کہ جب بچی کی شادی پر مہمان گھر میں آئیں تو ان کی خدمت میں چائے پیش کی جاتی تھی یا وقت کھانے کا ہو تو کھانا پیش کردیا جاتا تھا۔ لیکن جب عام باتیں جو جائز ہیں وہ رسمیں بن جائیں اور قوم کیلئے مصیبت کا سامان بن جائیں اس وقت ان کو بعض دفعہ اس لئے روکنا پڑتا ہے کہ رسم و رواج قوموں کو تباہ کر دیتے ہیں اور ان کے کیریکٹر کو برباد کر دیتے ہیں ان کے اندر جو کردار ہے اس کو ختم کر دیتے ہیں۔ چنانچہ انبیاء علیہم السلام کے کاموں میں سے ایک یہ ہے کہ صرف حلال اور حرام میں تفریق کرنا نہیں ہے بلکہ جیسا کہ رسول کریم ﷺ کے متعلق فرمایا کہ محمد مصطفیٰ ﷺ کا تم پر یہ بھی احسان ہے کہ تمہارے رسم و رواج توڑ رہا ہے کہ جو بوجھ تمہاری گردنوں میں طوق بن گئے تھے تمہیں ان سے آزادی دلا رہا ہے اس لئے ائمہ کا یہ دستور رہا ہے کہ بعض اوقات جب قوم میں کوئی جائز بات بیماری کا رنگ اختیار کرنا شروع کر دے تو اس کو روک دیتے رہے ہیں۔ اور ناسمجھ لوگ بعد میں اعتراض کرتے رہے مثلاً حضرت عمرؓ پر بعض فرقوں نے بڑے شدید اعتراض کئے کہ رسول اللہ ﷺ نے جائز قرار دیا تھا یہ کون ہوتا تھا ان کو منع کرنے والا حالانکہ وہ قرآن کریم کی اس آیت کو بھول گئے اور یہ بات بھول گئے کہ رسول اللہؐ کے خلیفہ کا فرض تھا۔ کہ رسول اللہؐ کی جو ذمہ داریاں ہیں ان کو وہ بعد میں ادا کرتا رہے اور قوم میں جو چیزیں رسم بن رہی ہوں یا بوجھ بن رہی ہوں ان کو قوم سے دور کرتا رہے۔

(روزنامہ الفضل 21۔اکتوبر 1998ء)

سوال:۔ کیا دین نے ادلے بدلے کی شادی کو منع کیا ہے اگر ایسا ہے تو کیا یہ حدیث اور قرآن کا حکم ہے؟

جواب: ادلے بدلے کی شادی کا قرآن کریم میں تو کوئی ایسا حکم نہیں جو اس پر روشنی ڈالے لیکن آنحضرت ﷺ نے جن معنوں میں فرمایا ہے وہ ان معنوں میں منع فرمایا ہے۔ جن معنوں میں آج کل ہمارے جھنگ کے علاقے میں بھی رواج ہے۔ بعض تو اتفاقی ہوتا ہے کہ ایک گھر میں ایک بیٹا ہے اور ایک بیٹی ہے اور دوسرے گھر میں بھی ہے اور دونوں کو ایک دوسرے کے ساتھ مناسبت معلوم ہوتی ہے اور وہ غور کے بعد فیصلہ کرتے ہیں۔ یہ دونوں کیلئے اچھا ہے۔ جس شادی کو منع کیا ہے اور اس کا عرب میں بھی رواج تھا اور آجکل ہمارے بعض پسماندہ Backward ضلعوں میں بھی جہالت کی وجہ سے اس کا رواج ہے کہ ایک بڈھا ہے بھائی اور ایک چھوٹی عمر کی بیٹی ہے اور وہ شادی کی خاطر مجبور کرتے ہیں کہ تم اپنی چھوٹی بہن جس کے ساتھ کوئی پچاس ساٹھ سال کا فرق ہے وہ دو تو پھر ہم اپنی بہن تمہیں دیں گے۔ اس قسم کی شادیاں ہوتی ہیں اور یہ بھی شرط ہوتی ہے کہ اگر کسی کی بہن کی اپنے خاوند سے معاشرت ٹھیک نہ ہو تو یہ گھر آئے گی تو دوسری بھی بیچاری مظلوم بے وجہ دوسرے کے گھر پہنچ جائے گی۔ چونکہ اس طریق کار میں بے وجہ سوسائٹی میں دکھ پیدا ہوتا تھا اور ظلم ہوتا تھا شادیوں کے پیوند میں بھی اور ان کے پیوند ٹوٹنے میں بھی اس لئے آنحضرت ﷺ نے اس طریق کو منع فرمایا۔ ابھی بھی اگر کوئی یہ کرے تو ناجائز ہے۔

(روزنامہ الفضل 24فروری 1999ء)

انجمن انصار اللہ

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے 1926ء میں احمدی بچوں اور نوجوانوں کی تربیت کے لئے ''انصار اللہ'' کے نام سے ایک انجمن قائم فرمائی۔ اس انجمن نے اپنے ممبروں میں بہت تھوڑے عرصہ میں نمایاں تبدیلی پیدا کردی اور ان میں سے اکثر تہجد پڑھنے لگے۔

(تاریخ احمدیت جلد 4 ص 565)

اپنوں اور غیروں کے لئے یکساں مفید اور علم و حکمت سے پُر

حضرت مسیح موعود کا علم کلام اور سیرت کے چند پہلو

مکرم بشیر الدین کمال صاحب

کسی بھی قسم کا علم حاصل کرنے کے لئے کسی استاد کا ہونا ضروری ہے۔ بچپن میں تو ماں باپ ہی استاد ہوتے ہیں۔ اس کے بعد لوگ علم کے حصول کے لئے اپنے بچوں کو سکولوں اور کالجوں میں داخل کرواتے ہیں۔ جتنی زیادہ بڑی اور اونچی ڈگریاں حاصل کی ہوں گی اتنا ہی زیادہ علمی آدمی سمجھا جاتا ہے اور عام حقیقت بھی یہی ہے۔ اگر ایسا نہ ہو تو لوگوں کو کالجوں اور یونیورسٹیوں میں پڑھنے کی ضرورت ہی نہ پیش آئے۔ پہلے زمانہ میں عموماً لوگ گھروں اور مذہبی مراکز سے ہی تھوڑا بہت علم حاصل کر لیتے تھے اور اس کو ہی کافی سمجھا جاتا تھا۔

حضرت مسیح موعود کسی بھی سکول، کالج یا یونیورسٹی سے تعلیم یافتہ نہیں تھے۔ صرف گھر پر ہی اردو، عربی اور فارسی وغیرہ کی تعلیم حاصل کی پھر سب کچھ خدا سے سیکھا اور ظاہراً معمولی سی تعلیم ہونے کے باوجود آپ نے علمی میدان میں وہ کارہائے نمایاں انجام دیئےکہ کوئی بڑے سے بڑا ڈگری ہولڈر بھی آپ کا کسی بھی میدان میں علمی لحاظ سے مقابلہ نہ کر سکا۔ بلکہ بڑے سے بڑے لوگ بھی آپ کے خوشہ چیں رہے اور بڑے سے بڑے عالم بھی آپ کے مقابل پر نہ آسکے جو ایک بہت بڑا معجزہ ہے۔ آپ کے علم کلام کو لوگوں، غیروں نے اتنا پسند کیا کہ انہوں نے اس کو اپنی کتابوں اور رسالوں کی زینت بنایا۔ اس سلسلہ میں دیکھیں مولانا دوست محمد کی کتاب بیسویں صدی کا علمی شاہکار جس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ آپ کے پُر معارف علم کلام کی لوگوں کی نظروں میں بہت اہمیت اور قدر تھی۔ آپ کا روح پرور کلام اردو، فارسی اور عربی زبانوں میں ہے۔ جس کی بنیاد آپ نے خالص دینی اور روحانی اقدار پر رکھی۔ جنہوں نے دنیا بھر کے لاکھوں اذہان اور قلوب کو متاثر کیا۔

اللہ تعالیٰ سے عشق

انسان زیادہ تر زن، زر، زمین اور عیش و عشرت کے سامانوں سے ہی محبت اور عشق کرتا ہے۔ لیکن ان تمام چیزوں کی طرف آپ نے آنکھ اٹھا کر بھی نہیں دیکھا، کجا یہ کہ اس کے حصول کی کوشش فرماتے۔ آپ فرماتے ہیں

دنیا میں عشق تیرا باقی ہے سب اندھیرا
معشوق ہے تو میرا عشق صفا یہی ہے
مجھ کو کیا ملکوں سے میرا ملک ہے سب سے جدا
مجھ کو کیا تاجوں سے میرا تاج ہے رضوان یار

آپ کی تمام زندگی خدا تعالیٰ ہی کے عشق میں گزری۔ اس عشق میں ہی آپ نے بڑے بڑے طوفانوں کا مقابلہ کیا۔ اس کے مقابلہ میں اللہ تعالیٰ نے بھی ہمیشہ اس عشق کی لاج رکھی اور ہر میدان میں آپ کو فتح عطا فرمائی۔ پس سب سے زیادہ عشق و محبت آپ نے اپنے پیارے مولیٰ سے کیا یہی آپ کا اوڑھنا بچھونا تھا۔ چنانچہ بنی نوع انسان کو بھی اس عشق کو اپنے اندر پیدا کرنے کی تلقین کی۔ تا کہ وہ ہمیشہ کے لئے سرخرو رہے اور اپنے رب کی حفاظت میں رہے۔

چنانچہ آپ فرماتے ہیں:۔

''کیا بدبخت وہ انسان ہے جس کو اب تک یہ پتہ نہیں کہ اس کا ایک خدا ہے جو ہر ایک چیز پر قادر ہے۔ ہمارا بہشت ہمارا خدا ہے۔ ہماری اعلیٰ لذات ہمارے خدا میں ہیں کیونکہ ہم نے اس کو دیکھا اور ہر ایک خوبصورتی اس میں پائی۔ یہ دولت لینے کے لائق ہے اگرچہ جان دینے سے ملے اور یہ لعل خریدنے کے لائق ہے اگرچہ تمام وجود کھونے سے حاصل ہو۔ اے محرومو! اس چشمہ کی طرف دوڑو کہ وہ تمہیں سیراب کرے گا۔ یہ زندگی کا چشمہ ہے جو تمہیں بچائے گا۔ میں کیا کروں اور کس طرح اس خوشخبری کو دلوں میں بٹھا دوں۔ کس دف سے بازاروں میں منادی کروں کہ تمہارا یہ خدا ہے تا لوگ سن لیں اور کس دوا سے میں علاج کروں تا سننے کے لئے لوگوں کے کان کھلیں''۔

(کشتی نوح۔ روحانی خزائن جلد 19 ص 21)

پھر فرماتے ہیں:۔

''اے عزیزو تم تھوڑے دنوں کے لئے دنیا میں آئے ہو اور وہ بھی بہت کچھ گزر چکے۔ سو اپنے مولا کو ناراض مت کرو۔ ایک انسانی گورنمنٹ جو تم سے زبردست ہو اگر تم سے ناراض ہو تو وہ تمہیں تباہ کر سکتی ہے۔ پس تم سوچ لو کہ خدا تعالیٰ کی ناراضگی سے کیونکر تم بچ سکتے ہو۔ اگر تم خدا کی آنکھوں کے آگے متقی ٹھہر جاؤ تو تمہیں کوئی بھی تباہ نہیں کر سکتا اور وہ خود تمہاری حفاظت کرے گا اور دشمن جو تمہاری جان کے درپے ہے تم پر قابو نہیں پائے گا ورنہ تمہاری جان کا کوئی حافظ نہیں اور تم دشمن سے ڈر کر یا اور آفات میں مبتلا ہو کر بے قراری سے زندگی بسر کرو گے اور تمہاری عمر کے آخری دن بڑے غم اور غصہ کے ساتھ گزریں گے۔ خدا ان لوگوں کی پناہ ہو جاتا ہے جو اس کے ساتھ ہو جاتے ہیں۔ سو خدا کی طرف آجاؤ اور ہر ایک مخالفت اس کی چھوڑ دو اور اس کے فرائض میں سستی نہ کرو اور اس کے بندوں پر زبان سے یا ہاتھ سے ظلم مت کرو اور آسمانی قہر اور غضب سے ڈرتے رہو کہ یہی راہ نجات کی ہے''۔

(کشتی نوح۔ روحانی خزائن جلد 19 ص 71)

پھر فرماتے ہیں:۔

''اگر تم خدا کے ہو جاؤ گے تو یقیناً سمجھو کہ خدا تمہارا ہی ہے۔ تم سوئے ہوئے ہو گے اور خدا تعالیٰ تمہارے لئے جاگے گا۔ تم دشمن سے غافل ہو گے اور خدا اسے دیکھے گا اور اس کے منصوبے کو توڑے گا۔ تم ابھی تک نہیں جانتے کہ تمہارے خدا میں کیا کیا قدرتیں ہیں۔ اگر تم جانتے تو تم پر کوئی ایسا دن نہ آتا کہ تم دنیا کے لئے سخت غمگین ہو جاتے ...... خدا ایک پیارا خزانہ ہے اس کی قدر کرو کہ وہ تمہارے ہر قدم میں تمہارا مددگار ہے۔ تم بغیر اس کے کچھ بھی نہیں اور نہ تمہارے اسباب اور تدبیریں کچھ چیز ہیں۔ غیر قوموں کی تقلید نہ کرو جو کل اسباب پر گر گئی ہیں''۔

(کشتی نوح۔ روحانی خزائن جلد 19 ص 22)

پھر آپ بڑے پیارے انداز میں نصیحت کرتے ہوئے نظم میں فرماتے ہیں۔

اک نہ اک دن پیش ہو گا تو فنا کے سامنے
چل نہیں سکتی کسی کی کچھ قضا کے سامنے
چھوڑنی ہو گی تجھے دنیائے فانی ایک دن
ہر کوئی مجبور ہے حکم خدا کے سامنے
مستقل رہنا ہے لازم اے بشر تجھ کو سدا
رنج و غم یاس و الم فکر و بلا کے سامنے
بارگاہ ایزدی سے تو نہ یوں مایوس ہو
مشکلیں کیا چیز ہیں مشکل کشا کے سامنے
حاجتیں پوری کریں گے کیا تری عاجز بشر
کر بیاں سب حاجتیں حاجت روا کے سامنے
چاہئے تجھ کو مٹانا قلب سے نقش دوئی
سر جھکا بس مالک ارض و سما کے سامنے
چاہئے نفرت بدی سے اور نیکی سے پیار
ایک دن جانا ہے تجھ کو بھی خدا کے سامنے
راستی کے سامنے کب جھوٹ پھلتا ہے بھلا
قدر کیا پتھر کی لعل بے بہا کے سامنے

قرآن کریم سے عشق

پھر آپ کے علم کلام اور سیرت سے آپ کا قرآن کریم سے عشق کا اظہار ہوتا ہے۔ قرآنی معارف عیاں ہوتے ہیں۔ قرآن کریم کی تعلیم کا فلسفہ بیان ہوتا ہے۔ آپ سارا سارا دن قرآن کریم کی تلاوت کرتے رہتے تھے۔ قرآن کریم سے محبت آپ کے شعروں سے بھی عیاں ہے اور یہ وہ شعر ہیں جن کی نظیر ملنی مشکل ہے۔ آپ فرماتے ہیں:۔

نظیر اس کی نہیں جمتی نظر میں فکر کر دیکھا
بھلا کیونکر نہ ہو یکتا کلام پاک رحماں ہے
بہار جاوداں پیدا ہے اس کی ہر عبارت میں
نہ وہ خوبی چمن میں ہے نہ اس سا کوئی بستاں ہے
کلام پاک یزداں کا کوئی ثانی نہیں ہرگز
اگر لؤلوئے عماں ہے وگر لعل بدخشاں ہے
خدا کے قول سے قول بشر کیونکر برابر ہو
وہاں قدرت یہاں درماندگی فرق نمایاں ہے

قرآن کی عظمت کا اظہار آپ کے اور بہت سے اشعار سے ہوتا ہے۔ جیسا کہ آپ فرماتے ہیں:۔

قرآں خدا نما ہے خدا کا کلام ہے
بے اس کے معرفت کا چمن ناتمام ہے

پھر فرماتے ہیں:۔

نور فرقاں ہے جو سب نوروں سے اجلیٰ نکلا
پاک وہ جس سے یہ انوار کا دریا نکلا
حق کی توحید کا مرجھا ہی چلا تھا پودا
ناگہاں غیب سے یہ چشمۂ اصفیٰ نکلا
یا الٰہی تیرا فرقاں ہے کہ اک عالم ہے
جو ضروری تھا وہ سب اس میں مہیا نکلا
سب جہاں چھان چکے ساری دکانیں دیکھیں
مئے عرفان کا یہی ایک ہی شیشہ نکلا
کس سے اس نور کی ممکن ہو جہاں میں تشبیہ
وہ تو ہر بات میں ہر وصف میں یکتا نکلا
پہلے سمجھے تھے کہ موسیٰ کا عصا ہے فرقاں
پھر جو سوچا تو ہر اک لفظ مسیحا نکلا
ہے قصور اپنا ہی اندھوں کا وگرنہ وہ نور
ایسا چمکا ہے کہ صد نیر بیضاء نکلا
زندگی ایسوں کی کیا خاک ہے اس دنیا میں
جن کا اس نور کے ہوتے بھی دل اعمیٰ نکلا
جلنے سے آگے ہی یہ لوگ تو جل جاتے ہیں
جن کی ہر بات فقط جھوٹ کا پتلا نکلا

آپ اپنے فارسی کلام میں بھی قرآن کریم کی عظمت کا اظہار یوں فرماتے ہیں:۔

از نور پاک قرآن صبح صفا دمیدہ
بر غنچہ ہائے دلہا باد صبا وزیدہ

ترجمہ: قرآن کے پاک نور سے روشن صبح نمودار ہو گئی اور دلوں کے غنچوں پر باد صبا چلنے لگی۔

ایں روشنی و لمعاں شمس الضحیٰ ندارد
ویں دلبری و خوبی کس در قمر ندیدہ

ترجمہ: ایسی روشنی اور چمک تو دوپہر کے سورج میں بھی نہیں اور ایسی کشش اور حسن تو چاندنی میں بھی نہیں۔

کیفیت علومش دانی چہ شان دارد
شہدیست آسمانی از وحی حق چکیدہ

ترجمہ: تجھے کیا پتہ کہ اس کے علوم کی حقیقت کس شان کی ہے۔ وہ آسمانی شہد ہے جو خدا کی وحی سے ٹپکا ہے۔

میلم نماند باکس محبوب من توئی بس
زیرا کہ زاں فغاں رس نورت بما رسیدہ

ترجمہ: مجھے کسی سے تعلق نہ رہا اب تو ہی میرا محبوب ہے کیونکہ اس خدائے فریادرس کی طرف سے تیرا نور ہم کو پہنچا۔

عشق رسولؐ

آپ کے علم کلام میں جہاں آپ کی اللہ تعالیٰ

سے بے پناہ محبت کا اظہار ہوتا ہے وہاں محمد رسول اللہ ﷺ سے بھی بے پناہ محبت و عشق کا اظہار ہوتا ہے اور آپ کی زندگی اسی محبت و عشق میں گزری۔ بلکہ آپ اپنے آقا و متاع حضرت محمد ﷺ کے خلاف ایک لفظ بھی سننا گوارہ نہ کرتے۔ آپ کی اس محبت کا اظہار نہ صرف نثر میں کثرت سے ملتا ہے بلکہ آپ کے اردو، فارسی اور عربی منظوم کلام میں بھی بکثرت ملتا ہے۔ جبکہ اس کلام کو غیر بھی اپنانے اور اس سے استفادہ کرنے پر مجبور ہوئے۔ چنانچہ آپ کے چند فارسی اشعار کا ترجمہ ہے۔

خدا تعالیٰ کے عشق کے بعد میں محمد رسول اللہ ﷺ کے عشق میں سرشار ہوں۔ اگر آپ سے عشق کرنا کفر ہے تو بخدا میں سخت کافر ہوں۔

آپ پھر فرماتے ہیں:۔

محمدؐ کی جان میں ایک عجیب نور ہے۔ محمدؐ کی کان میں ایک عجیب و غریب لعل ہے۔

انسان اس وقت ظلمتوں سے پاک ہوتا ہے۔ جب وہ محمدؐ کے دوستوں میں شامل ہو جاتا ہے۔

میں دونوں جہاں میں کسی شخص کو نہیں جانتا جو محمدؐ کی شان و شوکت رکھتا ہو۔

اگر تو اس کی سچائی کی دلیل چاہتا ہے تو اس کا عاشق بن جا کیونکہ محمدؐ ہی خود محمدؐ کی دلیل ہے۔

میرا سر احمدؐ کی خاک پاک پر نثار ہے اور میرا دل ہر وقت محمدؐ پر قربان رہتا ہے۔

رسول اللہ کی زلفوں کی قسم کہ میں محمد رسول اللہ ﷺ کے نورانی چہرے پر فدا ہوں۔

اگر اس راہ میں مجھے قتل کر دیا جائے یا جلا دیا جائے تو پھر بھی میں محمد ﷺ کی بارگاہ سے منہ نہیں پھیروں گا۔

اس کی راہ میں میرا ہر ذرہ قربان ہے۔ کیونکہ میں نے محمدؐ کا مخفی حسن دیکھ لیا ہے۔

میں کسی اور استاد کا نام نہیں جانتا۔ میں تو صرف محمدؐ کے مدرسے کا پڑھا ہوا ہوں۔

آپ نے اپنے آقا محمدؐ کی بے حد تعریف فرمائی ہے۔ ایسی تعریف کرنا آپ ہی کا حصہ ہے۔ اس ضمن میں آپ کا بہت سا کلام ہے۔ حضرت مسیح موعود نے آپؐ کی مدح میں عربی زبان میں بھی ایک قصیدہ لکھا جس میں آپؐ کی بے حد تعریف فرمائی ہے۔ اس قصیدہ میں سے صرف چند اشعار کا ترجمہ پیش خدمت ہے۔

اللہ کی قسم آنحضرت ﷺ شاہی دربار کے سب سے اعلیٰ افسر کی طرح ہیں اور آپ ہی کے ذریعہ سے دربار سلطانی میں رسائی ہو سکتی ہے۔

آپ ہر مطہر اور مقدس کا فخر ہیں اور روحانی لشکر کو آپ ہی کے وجود پر ناز ہے۔

آپ ہر آگے بڑھنے والے مقرب سے افضل ہیں اور فضیلت کا مدار خوبیوں پر ہوتا ہے نہ کہ زمانہ پر۔

آفرین تجھے اے امام جہاں تو سب سے بڑھا ہوا شجاعوں کا سردار ہے۔

کوئی سو دفعہ، کوئی ہزار دفعہ، کوئی لاکھ دفعہ آپؐ پر درود بھیجتا ہے۔ لیکن حضرت مسیح موعود نے آپؐ پر ایسا درود بھیجا جو سب کا احاطہ کر لیتا ہے۔ اسی قصیدہ میں آپ فرماتے ہیں:۔

یا رب صل علیٰ نبیك دائماً
فی ھذہ الدنیا و بعث ثان

ترجمہ: اے میرے رب اپنے اس نبی پر ہمیشہ درود بھیج اس دنیا میں بھی اور دوسری بعثت میں بھی۔

آپ کا درج ذیل فارسی کلام اپنوں سے کیا غیروں سے بھی قبولیت حاصل کر چکا ہے فرمایا۔

میری جان و دل محمدؐ کے جمال پر فدا ہیں اور میری خاک آل محمدؐ کے کوچے پر قربان ہے۔

میں نے دل کی آنکھوں سے دیکھا اور عقل کے کانوں سے سنا ہر جگہ محمدؐ کے جمال کا شہرہ ہے۔

معارف کا یہ دریائے رواں جو میں مخلوق کو دے رہا ہوں یہ محمدؐ کے کمالات کے سمندر میں سے ایک قطرہ ہے۔

یہ میری آگ عشق محمدؐ کی آگ کا ایک حصہ ہے اور میرا یہ پانی محمدؐ کے مصفا پانی سے لیا گیا ہے۔

آپ اپنے اردو شعری کلام میں فرماتے ہیں:۔

جب سے یہ نور ملا نور پیمبر سے ہمیں
ذات سے حق کی وجود اپنا ملایا ہم نے
مصطفیٰ پر ترا بے حد ہو سلام اور رحمت
اس سے یہ نور لیا بار خدایا ہم نے
ربط ہے جان محمد سے میری جاں کو مدام
دل کو وہ جام لبا لب ہے پلایا ہم نے
اس سے بہتر نظر آیا نہ کوئی عالم میں
لا جرم غیروں سے دل اپنا چھڑایا ہم نے
تیرے منہ کی ہی قسم میرے پیارے احمد
تیری خاطر سے یہ سب بار اٹھایا ہم نے
ہم ہوئے خیر امم تجھ سے ہی اے خیر رسل
تیرے بڑھنے سے قدم آگے بڑھایا ہم نے

آپ کے علم کلام میں شرعی احکام کی حکمتوں، مصلحتوں اور احکام الٰہیہ کے اسرار و رموز اور فلاسفی کا بھی اظہار ہوتا ہے اور یہ ثابت ہوتا ہے کہ تمام احکام شریعت عین عقل کے مطابق ہیں۔ جن پر عمل کرنے سے انسان پر روحانی اور جسمانی فوائد مرتب ہوتے ہیں۔ جس کی چند مثالیں درج ذیل ہیں۔

فلسفہ نماز

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

’’پنجگانہ نمازیں کیا چیز ہیں۔ وہ تمہارے مختلف حالات کا فوٹو ہے۔ تمہاری زندگی کے لازم حال پانچ تغیر ہیں جو بلا کے وقت تم پر وارد ہوتے ہیں اور تمہاری فطرت کے لئے ان کا وارد ہونا ضروری ہے...... پہلے جبکہ تم مطلع کئے جاتے ہو کہ تم پر ایک بلا آنے والی ہے۔ مثلاً جیسے تمہارے نام عدالت سے ایک وارنٹ جاری ہوا۔ یہ پہلی حالت ہے جس نے تمہاری تسلی اور خوشحالی میں خلل ڈالا۔ سو یہ حالت زوال کے وقت سے مشابہ ہے۔ کیونکہ اس سے تمہاری خوشحالی میں زوال آنا شروع ہوا۔ اس کے مقابل پر نماز ظہر متعین ہوئی جس کا وقت زوال آفتاب سے شروع ہوتا ہے۔

دوسرا تغیر اس وقت تم پر آتا ہے جبکہ تم بلا کے محل سے بہت نزدیک کئے جاتے ہو مثلاً جبکہ تم بذریعہ وارنٹ گرفتار ہو کر حاکم کے سامنے پیش ہوتے ہو۔ یہ وہ وقت ہے کہ جب تمہارا خوف سے خون خشک ہو جاتا ہے اور تسلی کا نور تم سے رخصت ہونے کو ہوتا ہے۔ سو یہ حالت تمہاری اس وقت سے مشابہ ہے جبکہ آفتاب سے نور کم ہو جاتا ہے۔ اور نظر اس پر جم سکتی ہے اور صریح نظر آتا ہے کہ اب اس کا غروب نزدیک ہے۔ اس روحانی حالات کے مقابل پر نماز عصر مقرر ہوئی۔

تیسرا تغیر تم پر اس وقت آتا ہے جو اس بلا سے رہائی پانے کی بکلی امید منقطع ہو جاتی ہے مثلاً جیسے تمہارے نام فرد قرارداد جرم لکھی جاتی ہے اور مخالفانہ گواہ تمہاری ہلاکت کے لئے گزر جاتے ہیں۔ یہ وہ وقت ہے کہ جب تمہارے حواس خطا ہو جاتے ہیں اور تم اپنے تئیں ایک قیدی سمجھنے لگتے ہو۔ سو یہ حالت اس وقت سے مشابہ ہے جبکہ آفتاب غروب ہو جاتا ہے اور تمام امیدیں دن کی روشنی کی ختم ہو جاتی ہیں۔ اس روحانی حالت کے مقابل پر نماز مغرب مقرر ہے۔

چوتھا تغیر اس وقت تم پر آتا ہے کہ جب بلا تم پر وارد ہو جاتی ہے اور اس کی سخت تاریکی تم پر احاطہ کر لیتی ہے۔ مثلاً جبکہ فرد قرارداد جرم اور شہادتوں کے بعد حکم سزا تم کو سنا دیا جاتا ہے اور قید کے لئے ایک پولیس مین کے تم حوالے کئے جاتے ہو سو یہ حالت اس وقت سے مشابہ ہے جبکہ رات پڑ جاتی ہے اور ایک سخت اندھیرا پڑ جاتا ہے۔ اس روحانی حالت کے مقابل پر نماز عشاء مقرر ہے۔

پھر جبکہ تم ایک مدت تک اس مصیبت کی تاریخی میں بسر کرتے ہو تو پھر آخر خدا کا رحم تم پر جوش مارتا ہے اور تمہیں اس تاریکی سے نجات دیتا ہے۔ مثلاً جیسے تاریکی کے بعد پھر آخر کار صبح نکلتی ہے اور پھر وہی روشنی دن کی اپنی چمک کے ساتھ ظاہر ہو جاتی ہے۔ سو اس روحانی حالت کے مقابل پر نماز فجر ہے اور خدا نے تمہارے فطرتی تغیرات میں پانچ حالتیں دیکھ کر پانچ نمازیں تمہارے لئے مقرر کیں۔ اس سے تم سمجھ سکتے ہو کہ یہ نمازیں خاص تمہارے نفس کے فائدہ کے لئے ہیں۔

پس اگر تم چاہتے کہ ان بلاؤں سے بچے رہو تو پنجگانہ نمازوں کو ترک نہ کرو کہ وہ تمہارے اندرونی تغیرات کا ظل ہیں۔ نماز میں آنے والی بلاؤں کا علاج ہے۔ تم نہیں جانتے کہ نیا دن چڑھنے والا کس قسم کے قضاء و قدر تمہارے لئے لائے گا۔ پس قبل اس کے جو دن چڑھے تم اپنے مولا کی جناب میں تضرع کرو کہ تمہارے لئے خیر و برکت کا دن چڑھے‘‘۔

(کشتی نوح۔ روحانی خزائن جلد 19 ص 69)

قبولیت دعا کا فلسفہ

سر سید احمد خان بانی علی گڑھ کالج دعاؤں کی قبولیت اور تاثیر کے قائل نہیں تھے۔ جیسا کہ ان کی تفسیروں اور لیکچروں اور مضامین سے ظاہر ہے۔

حضرت اقدس بانی سلسلہ احمدیہ وہ منفرد شخصیت ہیں جنہوں نے عقل و نقل اور اپنے روحانی مشاہدات کی روشنی میں برکات الدعا جیسی لاجواب کتاب سپرد قلم فرمائی۔ آپ فرماتے ہیں:۔

’’میں کہتا ہوں کہ یہی حال دواؤں کا بھی ہے۔ کیا دواؤں نے موت کا دروازہ بند کر دیا ہے یا ان کا خطا جانا غیر ممکن ہے؟ مگر کیا باوجود اس بات کے کوئی ان کی تاثیر سے انکار کر سکتا ہے؟ یہ سچ ہے کہ ہر ایک امر پر تقدیر محیط ہو رہی ہے مگر تقدیر نے علوم کو ضائع اور بے حرمت نہیں کیا اور نہ اسباب کو بے اعتبار کر کے دکھلایا بلکہ اگر غور کر کے دیکھو تو یہ جسمانی اور روحانی اسباب بھی تقدیر سے باہر نہیں ہیں۔ مثلاً اگر ایک بیمار کی تقدیر نیک ہو تو اسباب تقدیر علاج پورے طور پر میسر آ جاتے ہیں اور جسم کی حالت بھی ایسے درجہ پر ہوتی ہے کہ وہ ان سے نفع اٹھانے کے لئے مستعد ہوتا ہے۔ تب دوا نشانہ کی طرح جا کر اثر کرتی ہے۔ یہی قاعدہ دعا کا بھی ہے یعنی دعا کے لئے بھی تمام اسباب و شرائط قبولیت اسی جگہ جمع ہو جاتے ہیں جہاں ارادہ الٰہی اس کے قبول کرنے کا ہے‘‘۔

(برکات الدعا۔ روحانی خزائن جلد 6 ص 11)

پھر فرماتے ہیں:۔

’’جب انسان اخلاص اور توحید اور محبت اور صدق اور صفا کے قدم سے دعا کرتا کرتا فنا کی حالت تک پہنچ جاتا ہے تب وہ زندہ خدا اس پر ظاہر ہوتا ہے جو لوگوں سے پوشیدہ ہے۔ دعا کی ضرورت نہ صرف اس وجہ سے ہے کہ ہم اپنے دنیوی مطالب کو پاویں بلکہ کوئی انسان بغیر ان قدرتی نشانوں کے ظاہر ہونے کے جو دعا کے بعد ظاہر ہوتے ہیں۔ اس سچے ذوالجلال خدا کو پا ہی نہیں سکتا جس سے بہت سے دل دور پڑے ہوئے ہیں۔ نادان خیال کرتا ہے کہ دعا ایک لغو اور بیہودہ امر ہے مگر اسے معلوم نہیں کہ صرف ایک دعا ہی ہے جس سے خداوند ذوالجلال ڈھونڈنے پر تجلی کرتا اور انا القادر کا الہام ان کے دلوں پر ڈالتا ہے۔ ہر ایک یقین کا بھوکا اور پیاسا یاد رکھے کہ اس زندگی میں روحانی روشنی کے طالب کے لئے صرف دعا ہی ایک ذریعہ ہے جو خدا تعالیٰ کی ہستی پر یقین بخشتا اور تمام شکوک و شبہات دور کر دیتا ہے۔ کیونکہ جو مقاصد بغیر دعا کے کسی کو حاصل ہوں وہ نہیں جانتا کہ کیونکر اور کہاں سے اس کو حاصل ہوئے بلکہ صرف تدبیروں پر زور مارنے والا اور دعا سے غافل رہنے والا یہ خیال نہیں کر سکتا کہ یقیناً و حقاً خدا تعالیٰ کے ہاتھ نے اس کے مقاصد کو اس کے دامن میں ڈالا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ جو شخص دعا کے ذریعہ سے خدا تعالیٰ سے الہام پا کر کسی کامیابی کی بشارت دیا جاتا ہے وہ اس کام کے ہو جانے پر خدا تعالیٰ کی شناخت اور معرفت اور محبت میں آگے قدم بڑھاتا ہے اور اس قبولیت دعا کو اپنے حق میں ایک عظیم الشان نشان دیکھتا ہے اور اسی طرح وقتاً فوقتاً یقین سے پُر ہو کر جذبات نفسانی اور ہر ایک قسم کے گناہ سے ایسا مجتنب ہو جاتا ہے کہ گویا صرف ایک روح رہ جاتا

ہے۔ لیکن جو شخص دعا کے ذریعہ سے خداتعالیٰ کے رحمت آمیز نشانوں کو نہیں دیکھتا وہ باوجود تمام عمر کی کامیابیوں اور بیشمار دولت اور مال اور اسباب تنعم کے دولت حق الیقین سے بے بہرہ ہوتا ہے اور وہ کامیابیاں اس کے دل پر کوئی نیک اثر نہیں ڈالتیں بلکہ جیسے جیسے دولت اور اقبال پاتا ہے۔ غرور اور تکبر میں بڑھتا جاتا ہے۔ خداتعالیٰ پر اگر اس کو کچھ ایمان بھی ہو تو ایسا مردہ ایمان ہوتا ہے جو اس کو نفسانی جذبات سے روک نہیں سکتا اور حقیقی پاکیزگی بخش نہیں سکتا''۔

(ایام الصلح۔ روحانی خزائن جلد 14 ص 239)

حرمت خنزیر کا فلسفہ

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

''اس بات کا کس کو علم نہیں کہ یہ جانور اول درجہ کا نجاست خور اور نیز بے غیرت اور دیوث ہے۔ اب اس کے حرام ہونے کی وجہ ظاہر ہے کہ قانون قدرت یہی چاہتا ہے کہ ایسے پلید اور بد جانور کے گوشت کا اثر بھی بدن اور روح پر بھی پلید ہی ہو کیونکہ ہم ثابت کر چکے ہیں کہ غذاؤں کا بھی انسان کی روح پر ضرور اثر ہوتا ہے۔ پس اس میں کیا شک ہے کہ ایسے بد کا اثر بھی بد ہی پڑے گا جیسا کہ یونانی طبیبوں نے اسلام سے پہلے ہی یہ رائے ظاہر کی ہے کہ اس جانور کا گوشت بالخاصیت حیا کی قوت کو کم کرتا ہے اور دیوثی کو بڑھاتا ہے''۔

(اسلامی اصول کی فلاسفی۔ روحانی خزائن جلد 10 ص 338)

نکاح کا فلسفہ

فرماتے ہیں:۔

نکاح ایک معاہدہ ہے جس میں مرد کی طرف سے مہر اور تعہد نان ونفقہ اور...... حسن معاشرت شرط ہے اور عورت کی طرف سے عفت اور پاکدامنی اور نیک چلنی اور فرمانبرداری شرائط ضروریہ میں سے ہے اور جیسا کہ دوسرے تمام معاہدے شرائط کے ٹوٹ جانے سے قابل فسخ ہو جاتے ہیں ایسا ہی یہ معاہدہ بھی شرطوں کے ٹوٹنے کے بعد قابل فسخ ہو جاتا ہے۔ صرف فرق یہ ہے کہ اگر مرد کی طرف سے شرائط ٹوٹ جائیں تو عورت خود بخود نکاح کے توڑنے کی مجاز نہیں ہے جیسا کہ وہ خود بخود نکاح کرنے کی مجاز نہیں بلکہ حاکم وقت کے ذریعہ سے نکاح کو توڑا سکتی ہے جیسا کہ ولی کے ذریعہ سے نکاح کو کرا سکتی ہے اور یہ کمیٔ اختیار اس کی فطرتی شتاب کاری اور نقصان عقل کی وجہ سے ہے۔ لیکن مرد جیسا کہ اپنے اختیار سے معاہدہ نکاح کا باندھ سکتا ہے ایسا ہی عورت کی طرف سے شرائط ٹوٹنے کے وقت طلاق دینے میں بھی خود مختار ہے۔ سو یہ قانون فطرتی قانون سے ایسی مناسبت اور مطابقت رکھتا ہے گویا کہ اس کی عکسی تصویر ہے کیونکہ فطرتی قانون نے اس بات کو تسلیم کر لیا ہے کہ ہر یک معاہدہ شرائط قرارداد کے فوت ہونے سے قابل فسخ ہو جاتا ہے اور اگر فریق ثانی فسخ سے مانع ہو تو وہ اس فریق پر ظلم کر رہا ہے جو فقدان شرائط کی وجہ سے فسخ عہد کا حق رکھتا ہے۔ جب ہم سوچیں کہ نکاح کیا چیز ہے۔ تو بجز اس کے اور کوئی حقیقت معلوم نہیں ہوتی کہ ایک پاک معاہدہ کی شرائط کے نیچے دو انسانوں کی زندگی بسر کرنا ہے اور جو شخص شرائط شکنی کا مرتکب ہو وہ عدالت کی رو سے معاہدہ کے حقوق سے محروم رہنے کے لائق ہو جاتا ہے اور اسی محرومی کا نام دوسرے لفظوں میں طلاق ہے''۔

(آریہ دھرم۔ روحانی خزائن جلد 10 ص 37)

پردہ کی فلاسفی

فرماتے ہیں:۔

''خدا کی کتاب میں پردہ سے یہ مراد نہیں کہ فقط عورتوں کو قیدیوں کی طرح حراست میں رکھا جائے۔ یہ ان نادانوں کا خیال ہے جن کو...... طریقوں کی خبر نہیں بلکہ مقصود یہ ہے کہ عورت مرد دونوں کو آزاد نظری اور اپنی زینتوں کے دکھانے سے روکا جائے کیونکہ اس میں دونوں مرد اور عورت کی بھلائی ہے۔ بالآخر یہ بھی یاد رہے کہ خوابیدہ نگاہ سے غیر محل پر نظر ڈالنے سے اپنے تئیں بچا لینا اور دوسری جائز النظر چیزوں کو دیکھنا۔ اس طریق کو عربی میں غض بصر کہتے ہیں اور ہر ایک پرہیزگار جو اپنے دل کو پاک رکھنا چاہتا ہے اس کو نہیں چاہئے کہ حیوانوں کی طرح جس طرف چاہے بے محابا نظر اٹھا کر دیکھ لیا کرے بلکہ اس کے لئے اس تمدنی زندگی میں غض بصر کی عادت ڈالنا ضروری ہے''۔

(اسلامی اصول کی فلاسفی۔ روحانی خزائن جلد 10 ص 344)

یہ وہ کچھ پھول ہیں جو آپ کے گلشن سے پیش کئے گئے ہیں۔ جن کی مہک سے نہ صرف اپنوں نے بلکہ بیگانوں نے بھی اپنے آپ کو معطر کیا۔ پس آپ کا علم کلام بہت ارفع و اعلیٰ ہے۔ جس کی مثال نہیں ملتی۔ یہی وجہ ہے کہ وہ سند عام حاصل کر چکا ہے۔ بھلا جس کا معلم و مربی خدائے علیم و خبیر ہو اس کا مقابلہ کون کر سکتا ہے۔ آپ کا علم کلام حکمت اور معرفت سے پُر ہے۔ جوں جوں انسان اس کا مطالعہ کرتا ہے توں توں اس پر وجد کی سی کیفیت طاری ہوتی جاتی ہے اور نئے علوم کا دروازہ اس پر کھلتا جاتا ہے۔ جلسہ مذاہب عالم میں پانچ سوالات کے جوابات جو آپ نے دیئے ہیں جو اسلامی اصول کی فلاسفی کے نام سے چھپ چکے ہیں وہ دنیا سے خراج تحسین حاصل کر چکے ہیں۔ آپ کو اپنے بیٹے (مصلح موعود) کے بارے میں اطلاع دی گئی کہ جہاں وہ اور بہت سی صفات سے متصف ہوگا وہ علوم ظاہری و باطنی سے پُر کیا جائے گا۔ چنانچہ حضرت خلیفہ ثانی کو بھی اللہ تعالیٰ نے ہر قسم کے علوم سے ایسا نوازا کہ آپ نے بھی علوم کے دریا بہا دیئے اور غیروں سے خراج تحسین حاصل کیا جبکہ ظاہری طور پر آپ نے میٹرک بھی بمشکل پاس کیا تھا۔ آپ کے دیگر خلفاء کو بھی اللہ تعالیٰ نے اپنے علوم سے نوازا اور انہوں نے بھی اپنے اپنے وقت پر حکمت و معرفت کے دریا بہا دیئے۔ ہمارے موجودہ امام حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ بنصرہ العزیز بھی اپنے خطبات اور دیگر خطابات میں حکمت و معرفت کی باتیں بیان فرما رہے ہیں یہ اللہ تعالیٰ کا فضل اور اس کی دین ہے جو وہ اپنے خلفاء پر کیا کرتا ہے اور کرتا رہے گا۔

مجلس خدام الاحمدیہ گیمبیا کا
23 واں نیشنل سالانہ اجتماع

رپورٹ: مکرم سید سعید الحسن ساجد صاحب مربی انچارج گیمبیا

اللہ کے فضل و کرم سے مجلس خدام الاحمدیہ گیمبیا کا 23 واں سالانہ اجتماع مورخہ 23 تا 25 دسمبر 2006ء طاہر احمدیہ سیکنڈری سکول مانسا کونکو میں نہایت کامیابی سے منعقد ہوا۔ دسمبر میں گیمبیا کا موسم خوشگوار ہوتا ہے۔ اس لئے اس موسم میں اجتماع کا پروگرام کامیاب رہتا ہے۔

اجتماع کی تیاری کا کام ہفتہ پہلے شروع کر دیا گیا تھا۔ گراؤنڈ اور ہال کو خوب محنت سے سجایا ہوا تھا۔ مورخہ 23 دسمبر کو اجتماع کا آغاز نماز جمعہ سے ہوا خطبہ جمعہ میں خاکسار نے اجتماع کی اہمیت کی طرف توجہ دلائی۔

نماز جمعہ اور دوپہر کے کھانے کے بعد پہلا اجلاس صدر صاحب خدام الاحمدیہ کی زیر صدارت ہوا۔ اس اجلاس کے مہمان خصوصی گورنر L.L.R تھے۔ انہوں نے اپنے خطاب میں فرمایا کہ احمدیت نے اس ملک کو دین حق کی تعلیم سے روشناس کروایا ہے اور دنیا کے علوم سے بھی آگاہ کروایا۔ انہوں نے مزید کہا کہ انہیں فخر ہے کہ وہ ایک احمدیہ سکول کے فارغ التحصیل ہیں۔ انہوں نے نصرت سیکنڈری سکول میں تعلیم حاصل کرنے کو ماضی کی حسین یاد قرار دیا۔ آخر پر انہوں نے اجتماع میں بلانے پر شکریہ ادا کیا اور کہا کہ وہ یہاں آکر روحانی خوشی محسوس کر رہے ہیں۔

خاکسار سے مکرم گورنر صاحب نے استفسار کیا کہ آج کل آپ کا سالانہ جلسہ کہاں ہوتا ہے۔ خاکسار نے بتایا چونکہ خلیفۃ المسیح کو پاکستان کے حالات کی وجہ سے ہجرت کرنا پڑی تھی اس لئے اب ربوہ کی بجائے لندن میں جلسہ سالانہ ہوتا ہے۔ مکرم گورنر صاحب نے بتایا کہ وہ اس ہجرت سے واقف ہیں۔ جب خاکسار نے بتایا کہ اب لندن میں، مغربی یورپ کی سب سے بڑی بیت الذکر بنانے کی جماعت کو توفیق ملی ہے اور اب جلسہ سالانہ کیلئے ایک بہت بڑی جگہ حدیقۃ المہدی کے نام سے لی گئی ہے تو گورنر صاحب بڑے خوش ہوئے انہوں نے مزید بتایا کہ گو وہ احمدی نہیں ہیں لیکن خلفاء کا بہت احترام کرتے ہیں یہی وجہ تھی کہ حضرت خلیفۃ المسیح الثالث اور حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کا استقبال کرنے والوں میں وہ بھی شامل تھے۔ گو اس وقت وہ طالب علم تھے۔

مکرم صدر صاحب خدام الاحمدیہ نے افتتاحی خطاب میں خدام کو ان کی ذمہ داریوں کی طرف توجہ دلائی۔ مکرم صدر صاحب کے افتتاحی خطاب کے بعد تربیتی تقاریر کا آغاز ہوا۔ خاکسار نے خلافت اور ہماری ذمہ داریاں، جبکہ دوسرے مقررین نے نظام وصیت اور خدام کی ذمہ داریاں پر روشنی ڈالی۔ اجتماع میں خدام کے تعلیمی اور تربیتی پروگرام نہایت دلچسپی سے سنے گئے۔ تمام خدام نے علمی مقابلہ جات میں حصہ لیا۔ اسی طرح ورزشی مقابلہ جات جن میں فٹبال، اتھلیٹکس وغیرہ شامل تھے۔ اجتماع کے تینوں دن تہجد باجماعت کا اہتمام کیا جاتا رہا۔ اسی طرح تربیتی موضوعات پر درس القرآن و حدیث اور ملفوظات کا سلسلہ جاری رہا۔ اجتماع میں ہمسایہ ملک گنی بساؤ کا وفد بھی شامل ہوا۔ اجتماع کی خبر کو نیشنل ریڈیو اور اخبارات نے نمایاں طور پر شائع کیا۔ اجتماع کی حاضری پانچ سو سے زائد تھی۔

قارئین سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس اجتماع میں شامل ہونے والوں کو دائمی برکات سے نوازے اور ان مساعی کے نیک ثمرات عطا فرمائے۔

(الفضل انٹرنیشنل 18 مئی 2007ء)

نماز میں مشغول ہو گئے

مکرم سید ودود احمد صاحب ساجد معراجکے ضلع سیالکوٹ کی ڈسپنسری کے انچارج تھے۔ مریضوں سے دلی ہمدردی رکھتے تھے۔ ایک دفعہ تشویشناک حالت میں ایک بچہ کو اس کے والدین شفاخانے لائے جو بہت مضطرب تھے۔ مرحوم کو یہ حالت دیکھ کر دلی صدمہ ہوا اور اسی وقت وضو کر کے نماز میں مشغول ہو گئے۔ سجدہ میں دعا کی یہ کیفیت ہوئی کہ چیخیں شفاخانے کے عملہ اور دیگر افراد نے سنیں۔ کچھ دیر کے بعد بچے کی حالت درست ہونا شروع ہو گئی۔ آپ نے اس وقت سجدہ سے سر اٹھایا۔ جب بچہ خطرہ کی حالت سے نکل چکا تھا۔

(الفضل 29 اپریل 1977ء)

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جا رہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 70123 میں طارق محمود انجم

ولد محمد صدیق گورایا قوم جٹ پیشہ ڈرائیونگ محنت مزدوری عمر 40 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن کینیڈا بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 25-6-06 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) مکان واقع کینیڈا مالیتی -/160000 ڈالر کینیڈین جو قسطوں پر لیا گیا ہے۔ (2) کار اندازاً مالیتی -/5000 ڈالر کینیڈین۔ اس وقت مجھے مبلغ -/2000 ڈالر کینیڈین ماہوار بصورت محنت مزدوری مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ طارق محمود انجم۔ گواہ شد نمبر 1 خلیل احمد مبشر ولد چوہدری ناظر علی خان (مرحوم)۔ گواہ شد نمبر 2 محمد کلیم احمد ولد چوہدری خلیل احمد مبشر

مسل نمبر 70124 میں نعیمہ شمیم

بنت مرزا عبدالرحیم قوم مغل پیشہ طالب علم عمر 35 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن کینیڈا بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 6-9-06 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) طلائی زیور 3 تولے مالیتی اندازاً -/35000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/536 ڈالر ماہوار بصورت سوشل ویلفیئر مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامۃ۔ نعیمہ شمیم۔ گواہ شد نمبر 1 نبیل احمد ولد کوثر احمد۔ گواہ شد نمبر 2 کوثر احمد ولد غلام احمد

مسل نمبر 70125 میں سعیدہ بیگم

زوجہ ناصر احمد قوم جٹ پیشہ خانہ داری عمر 58 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن کینیڈا بقائمی ہوش و حواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 20-7-06 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) طلائی زیور 157.5 گرام مالیتی اندازاً -/2957 کینیڈین ڈالر۔ اس وقت مجھے مبلغ -/150 ڈالر ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامۃ۔ سعیدہ بیگم۔ گواہ شد نمبر 1 ناصر احمد خاوند موصیہ۔ گواہ شد نمبر 2 عبدالرشید ولد چوہدری عبدالخالق

مسل نمبر 70126 میں امۃ الباسط عظمیٰ احمد

زوجہ چوہدری نصرت احمد قوم آرائیں پیشہ خانہ داری عمر 33 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن کینیڈا بقائمی ہوش و حواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 30-8-06 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) طلائی زیور 386-670 گرام مالیتی -/6000 ڈالر (2) حق مہر -/15000 ڈالر۔ اس وقت مجھے مبلغ -/150 ڈالر ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہو گی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامۃ۔ امۃ الباسط عظمیٰ۔ گواہ شد نمبر 1 چوہدری منیر احمد ولد چوہدری بشیر احمد۔ گواہ شد نمبر 2 چوہدری نصرت احمد خاوند موصیہ

مسل نمبر 70127 میں نجیب پاشا چوہدری

ولد رشید احمد چوہدری قوم راجپوت پیشہ کاروبار عمر 50 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن کینیڈا بقائمی ہوش و حواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 15-8-06 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) مکان واقع کینیڈا مالیتی -/800000 ڈالر کا 1/4 حصہ جس پر بینک قرض -/700000 ڈالر ہے (2) پلاٹس 2 عدد واقع راولپنڈی جن کی خریداری -/50000 روپے میں کی ہے۔ ابھی قبضہ نہیں ملا۔ اس وقت مجھے مبلغ -/1200 ڈالر ماہوار بصورت کاروبار مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ نجیب پاشا چوہدری۔ گواہ شد نمبر 1 ملک خالد محمود ولد ملک محمد مقبول۔ گواہ شد نمبر 2 مقبول احمد باجوہ ولد چوہدری عطاء اللہ باجوہ

مسل نمبر 70128 میں نگہت سلطانہ

